© rasailojaraid.com

معانی القرآن للفرّاء کی خصوصیتیں

قسط نمبر ۲ ——— غلام مرتضیٰ آزاد

اعراب القرآن

اعراب القرآن درحقیقت نحوی بحث ہے۔ اس میں عربی زبان کے قواعد کی وضاحت کی جاتی ہے اور یہ بتایا جاتا ہے کہ لفظ کے آخری حرف پر کون سی حرکت (زبر، زیر، پیش) ہوگی اور کیوں؟ جیسا کہ ہم واضح کر چکے ہیں تفسیر کی املاء کراتے وقت الفرّاء کے سامنے یہی بنیادی مقصد تھا اور آئندہ مثالوں سے یہ واضح ہو جائے گا کہ قرآن مجید کے معانی و مطالب سمجھنے کے لئے عربی زبان کے قواعد سے پوری واقفیت کس قدر ضروری ہے۔

آیت پاک:

وکتبنا علیھم فیھا ان النفس بالنفس والعین بالعین والسن بالسن والجروح قصاص

(المائدۃ، ۴۵) میں 'النفس' کو بھی جانتے ہیں کہ منصوب ہے لیکن 'العین' 'السن' اور 'الجروح' کو رفع و نصب دونوں کے ساتھ پڑھنا درست ہے۔ اس کی تشریح درج ذیل آیت میں آتی ہے۔

ان الذین اٰمنوا والذین ھادوا والصابئون والنصٰری۔ (المائدۃ، ۶۹) [1]

اس آیت میں 'الصابئون' کا لفظ خاص طور پر توجہ طلب ہے، بعض اچھے خاصے عربی دان الصابئ کے اعراب کے متعلق حیران رہ جاتے ہیں۔ اب 'معانی القرآن' کے الفاظ میں اس کی توضیح ملاحظہ ہو۔ مقام پر الکسائی 'الفرّاء' کے استاذ نے یہ قاعدہ بیان کیا ہے کہ 'ان' کا عمل چونکہ ضعیف ہے یعنی 'اسم' پر تو عمل کرتا ہے مگر 'خبر' کو نصب

---

(۱)۔ ہم نے 'معانی القرآن' کے تتبع میں ایک ہی مقام پر دونوں آیتوں کے اعراب کی بحث کی ہے اس لئے کہ دونوں کے اعراب ایک ہی قاعدہ سے متعلق ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نہیں دیتا[1]، اس لئے اس کے اسم پر جو لفظ معطوف ہوگا۔ اس کو رفع و نصب دونوں کے ساتھ پڑھنا درست ہے۔ چنانچہ ضابئ بن حارث البرجمی کے اس شعر کو دونوں طرح پڑھا جاتا ہے:

فمن یک امسی بالمدینة رحله فانی {(وقیار) (وقیار)} بها لغریب

اسی طرح 'الصابئون' کو مرفوع بھی پڑھا جا سکتا ہے اور منصوب بھی۔

'العین'، 'السن' اور 'الجروح' کے اعراب میں بھی یہی قاعدہ ہوگا۔

الفراء نے اپنے اُستاد کے بتلائے ہوئے اس قاعدہ میں تھوڑی سی ترمیم بھی کی ہے کہ اگر انّ کا اسم لفظاً منصوب ہو (اس پر زبر واضح طور پر لکھی ہوئی ہو اور پڑھی جاتی ہو) تو اس کے عطف پر رفع پڑھنا اچھا نہیں جیسے انّ عبدَ اللہ و زیدٌ قائمان پڑھنا مستحسن نہیں و زیداً قائمان پڑھنا بہتر ہے۔ قرآن مجید میں اس قسم کے بہت سے مقامات ہیں جہاں اسم انّ کے معطوف کو مرفوع و منصوب دونوں طرح پڑھنا جائز ہے۔

مثلاً آیت کریمہ

واذا قیل انّ وعد اللہ حق والساعة لا ریب فیها (سورۃ الجاثیة: ۳۲) میں 'الساعة'۔

اور آیت کریمہ

ان الارض للہ یورثها من یشاء من عباده والعاقبة للمتقین (الاعراف ۱۲۸) میں 'العاقبة'۔

لیکن جب 'اسم ثانی' کے بعد 'خبر' نہ ہو وہاں صرف رفع ہی پڑھا جائے گا:

مثلاً آیت پاک

ان اللہ بریٔ من المشرکین ورسولُه (سورۃ التوبة ۳) میں 'رسولُه'۔

اور آیت کریمہ

فان اللہ مولاه وجبریلُ وصالحُ المومنین (سورۃ التحریم ۴) میں 'جبریل' اور 'صالح'۔

۱۔ مبتدا سے قبل 'انّ' ہو تو مبتدا کو عربی قواعد کی اصطلاح میں 'انّ' کا 'اسم' کہتے ہیں۔ وہ جملہ اسمیہ جس کے شروع میں 'انّ' ہو اس جملہ کے مسند کو عربی قواعد کی اصطلاح میں 'انّ' کی خبر کہا جاتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وضاحتِ اعراب کی ایک اور مثال

یہ بحث فکر انگیز بھی ہے اور دلچسپ بھی۔ آیت پاک

انما حرم علیکم المیتۃ والدم ولحم الخنزیر وما اھل بہ لغیر اللہ (البقرۃ: ۱۷۳) میں 'المیتۃ'، 'الدم' اور 'لحم' کو منصوب بھی پڑھ سکتے ہیں، جیسا کہ مشہور قرارات ہے اور مرفوع بھی۔ 'ان' کو اگر ایک حرف سمجھا جائے تو اس کے بعد واقع ہونے والا عامل بدستور اپنا عمل کرتا رہے گا۔

انما دخلت دارک (نصب) انما اعجبتنی دارک (رفع) انما ذھبت باخیک (جر)

اور اگر انما کو الگ الگ دو حروف سمجھا جائے ایک 'ان' اور دوسرا 'ما' تو اس وقت 'ما' بمعنی 'الذی' ہوگا اور اس صورت میں 'صلہ' کے بعد واقع ہونے والا اسم ہمیشہ مرفوع رہے گا۔

آیت پاک

انما صنعوا کید ساحر (طٰہٰ: ۶۹) میں ما بمعنی الذی واضح ہے اور انما اللہ الٰہ واحد (سورۃ النساء: ۱۷۱) اور انما انت نذیر (سورۃ ھود: ۱۲) میں 'انما' یقیناً ایک ہی حرف ہے مگر آیت زیرِ بحث میں انما کے متعلق دونوں احتمالات ممکن ہیں۔ انما کو اکثر لغویین نے کلمۂ حصر قرار دیا ہے۔ جب انما کو کلمۂ حصر سمجھا جائے تو آیت

'انما حرم علیکم المیتۃ والدم ولحم الخنزیر' کا لازمی طور پر یہ معنی ہوگا:

'یہی حرام کیا ہے تم پر مردہ اور لہو اور گوشت سور کا'۔ (ترجمہ شاہ عبدالقادر ص ۴۱)

'اس نے تم پر صرف مردار اور خون اور سور کا گوشت حرام کیا ہے'۔ (ترجمہ محمد علی ص ۱۴۹)

پکتھال نے بھی یہی ترجمہ کیا ہے۔ لیکن اگر انما کو دو الگ الگ حروف (جیسا کہ الفراء نے اس کی وضاحت کی ہے) قرار دیا جائے تو اس آیت کا ترجمہ یوں ہوگا:

بیشک وہ چیز جو حرام کی گئی ہے تم پر مردار اور خون اور لحم خنزیر ہے۔

لغات القرآن (مفردات القرآن)

اس میں یہ بتایا جاتا ہے کہ زیرِ بحث لفظ کن کن معانی میں اور کون کون سے صلات کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ معانی القرآن میں اس موضوع پر زیادہ بحث نہیں کی گئی اور اس کی وجہ گزشتہ سطور میں آپ کے سامنے آچکی ہے، لیکن جس قدر بحث کی گئی ہے وہ مخصوص انداز کی بلند علمی بحث

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہے۔ اس کی چند مثالیں آگے آئیں گی۔ اس مقام پر ہم ایک اہم نکتے کی طرف اشارہ کرنا ضروری سمجھتے ہیں
ربی زبان میں کسی لفظ کا صحیح مطلب سمجھنے کے لئے اس کا اصل مادّہ جاننا نہایت ضروری ہے۔ اگر مادّہ
یک طور پر معلوم نہ ہو سکے تو مفہوم کچھ سے کچھ ہو جائے گا مثلاً آیت پاک

وقرن فی بیوتکن ولا تبرجن تبرج الجاھلیۃ الاولی (الاحزاب: ۳۳) میں لفظ (قرن) کا
مادّہ بقول الفرّاء ق۔ر۔ر ہے یا و۔ق۔ر۔ تیسرا کوئی مادّہ نہیں۔

ایک مشہور مستشرق 'فلوگل' نے الفاظ قرآن کی فہرست بنائی ہے اس میں انھوں نے قرآن مجید کے
بہت سے (تقریباً چالیس) الفاظ کے غلط مادے بتائے ہیں ان میں سے ایک لفظ 'قرن' بھی ہے اور
کا مادّہ انھوں نے ق۔ر۔ن بتایا ہے (ماخوذ از المعجم المفہرس لالفاظ القرآن الکریم محمد فواد عبدالباقی)
ن۔ر۔ن۔ مادّہ ہو (جس کا مطلب ہے ملانا) تو اس سے جمع مؤنث حاضر کا صیغہ امر 'قرن' بن ہی نہیں
سکتا۔

حقیقۃ الالفاظ و مجازھا

اس میں لفظ کا حقیقی معنی بتانے کے بعد یہ بتایا جاتا ہے کہ اس لفظ میں کتنی وسعت اور لچک موجود
ہے اور اسی حد تک سیاق و سباق کے لحاظ سے کون کون سے دوسرے معانی میں بھی استعمال ہو سکتا
ہے۔ اس قسم کی بحثوں میں سے یہاں ایک مثال پیش کی جاتی ہے۔ دیگر امثلہ آگے آ رہی ہیں۔

آیت پاک

فما ربحت تجارتھم وما کانوا مھتدین (البقرۃ: ۱۶)

لفظی معنی ہے ان کی تجارت نے نفع نہ پایا۔ آپ کہہ سکتے ہیں کہ تجارت نہیں بلکہ تاجر نفع حاصل
کرتا ہے۔ الفرّاء نے بتایا ہے کہ عربی زبان میں ایسے تراکیب بکثرت مستعمل ہیں (یہ عربی زبان کا روزمرہ ہے)
اور 'تجارۃ' کو مجازی طور پر ربح کا فاعل بنا دیا جاتا ہے۔ چنانچہ عرب کہتے ہیں:

ربح بیعک وخسر بیعک۔ اسی طرح قرآن مجید میں ہے۔ فاذا عزم الامر (سورۃ محمد: ۲۱)
یعنی پس جب معاملہ پختہ ہو جائے۔

احتمال الاضمار

ہر زبان میں اساتذہ کے کلام کی عظمت کا دار و مدار بر ہنر حرف نہ گفتن پر ہوتا ہے اگر کلام میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

فکر کو دعوت دینے والی گہرائی نہ ہو تو کلام بے جان ہو جاتا ہے، یہی صورت عربوں کے ہاں بھی فصاحت و بلاغت میں ملحوظ رہتی ہے اور قرآن مجید تو ادب عربی کا شاہکار ہے۔ الفرّاء نے اس مقام پر ایک قاعدہ بیان کیا ہے کہ اضمار اس جملے میں مستحسن ہے جس کا ابتدائی حصہ آخری حصہ پر دلالت کرتا ہو مثلاً آپ کہیں قد اصاب فلان المال، فبنی الدور والعبید والاماء واللباس الحسن۔ 'بنیٰ' کا فعل 'دور' پر تو واقع ہوتا ہے عبید، اماء اور اللباس الحسن پر واقع نہیں ہوتا، لیکن چونکہ مال حاصل کرنے کے بعد بالعموم ان اشیاء کا حصول ہوتا ہے، اس لئے ان کے لئے الگ فعل 'اشتری' کو حذف کر کے 'بنیٰ' کے تحت ہی داخل کر دیا۔ اس کی مثال قرآن مجید میں ہے۔

یطوف علیھم ولدان مخلدون ہ باکواب واباریق ہ وکأس من معین ..... وفاکھۃ مما یتخیرون ولحم طیر مما یشتھون، وحور عین۔ (سورۃ الواقعہ: ۱۷ - ۲۲)

اس سلسلہ میں یہ شعر بطور شاھد پیش کیا جاتا ہے ؎

علفتھا تبنا وماء بارد حتی شتت ھمالۃ عیناھا

زیادۃ الکلمۃ

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک حرف بظاہر جملہ کے دیگر الفاظ کے ساتھ کوئی تعلق نہیں رکھتا مگر درحقیقت اس کی بڑی اہمیت ہوتی ہے

ما منعک الا تسجد اذ امرتک (سورۃ الاعراف: ۱۲) اس مقام پر 'لا' کو زائد کہا جاتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ 'لا' لکھا یا پڑھا ہی نہ جائے۔ الفرّاء نے اس مقام پر حسب ذیل قاعدہ بیان کیا ہے۔ جس جملہ کے اوّل میں جحد ہو اس کے فعل ثانی پر لا کا ہونا ضروری ہے، جیسے 'لعلا یعلم اھل الکتاب ألا یقدرون علی شیء' (سورۃ الحدید: ۲۹) اور 'وما یشعرکم انھا اذا جاءت لا یؤمنون' (سورۃ الانعام: ۱۰۹)

رسم الخط

رسم الخط پر الفرّاء نے سوائے 'بسم اللہ الرحمٰن الرحیم' کے اور کہیں بحث نہیں کی۔ قاعدہ ہے کہ لکھنے میں لفظ 'اسم' کا ہمزہ حذف نہیں ہوتا۔ چنانچہ سوائے 'بسم اللہ' کے کسی مقام پر اسے حذف نہیں کیا گیا حتیٰ کہ 'اقرأ باسم ربک الذی خلق' میں بھی حذف نہیں ہوا۔ اس مقام پر ہمزہ کے حذف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہو جانے کی وجہ یہ ہے کہ یہ لفظ بکثرت استعمال ہوتا ہے اور کثرت کلام کی وجہ سے بہت سے الفاظ لکھنے میں اور بسا اوقات پڑھنے میں بھی حذف کر دیئے جاتے ہیں جیسے ائی شیئی کو ائیش پڑھا اور لکھا جاتا ہے۔ (معانی القرآن)۔

اُردو زبان میں بھی ایسے کئی الفاظ ہیں مثلاً شبِ برات کو کثرتِ استعمال کی وجہ سے شبرات لکھا اور بولا جاتا ہے، زلفِ عنبر ریز کو زلفِ عنبر بیز لکھتے ہیں تاکہ اختصار رہے۔

شانِ نزول

قرآن مجید، جیسا کہ سبھی جانتے ہیں تھوڑا تھوڑا (نجماً فنجماً) نازل ہوتا رہا یعنی کسی خاص حالت میں جس حکم (ھدایت) کی ضرورت ہوتی، وحی الٰہی کے ذریعہ نازل کر دیا جاتا۔ شانِ نزول میں یہی بتایا جاتا ہے کہ فلاں آیت کس مقام پر نازل ہوئی۔ الفرّاء نے مختلف مقامات پر آیات کے شانِ نزول بیان کئے ہیں۔ مثلاً

فمن حج البیت او اعتمر فلا جناح علیه ان یطوف بهما (سورۃ البقرۃ: ۱۵۸)

ترجمہ: جو شخص حج یا عمرہ کرے اس کے لئے (صفا و مروہ) کا طواف کرنے میں کوئی حرج نہیں،

کا شانِ نزول یوں بتایا ہے کہ جاہلیت میں 'صفا اور مروہ' پر دو بُت نصب تھے اس وقت لوگ ان کا طواف کرتے تھے جب بُت ٹوٹ چکے تو مسلمانوں نے ان مقامات پر جانا مناسب نہ سمجھا اس وقت یہ آیت نازل ہوئی:

یسئلونک عن الانفال (سورۃ الانفال: ۱)۔ ترجمہ۔ آپ سے انفال کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔

یہ آیت انفالِ جنگ بدر کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور یہ اس وقت ہوا جب حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) نے دیکھا کہ جان بازوں کی تعداد کم اور جذبہ قدرے سرد ہے تو آپ نے اعلان فرمایا 'من قتل قتیلاً فلہ کذا ومن استر اسیرا فلہ کذا'۔

جب جہاد سے فارغ ہو چکے تو سعد بن معاذ اُٹھے اور گزارش کی یا رسول اللہ اگر ان لوگوں کو آپ نے دے دیا تو بہت سے مسلمان بلا معاوضہ رہ جائیں گے، تب یہ آیت نازل ہوئی۔

آئندہ صفحات میں معانی القرآن سے چند آیات کی مزید تشریح و تفسیر پیش کی جاتی ہے جس سے الفرّاء کے اندازِ بیان اور تفسیر کی خصوصیات کا صحیح اندازہ ہو سکے گا۔ (باقی صـ۸۰ پر)

© rasailojaraid.com